ریفریل فارم کو مکمل کرنے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

ریفریل ملنے کے بعد ہمارا عملہ سروس استعمال کرنے والی کے ساتھ ملاقات کر کے اپنی سروس کے متعلق سمجھائے گا اور اس کی ضروریات کا جائزہ لے گا۔ اگر اس کی ضروریات ہمارے معیار کے مطابق ہوئی تو ان کو مدد کی پیشکش کی جائے گی اور اس کے آغاز کے متعلق بھی بتایا جائے گا۔

سپورٹ (مدد) کون دیتا ہے؟

اس وقت ہمارے پاس دو سٹاف ممبر اور ایک پراجیکٹ مینجر ہے جو سروس کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ ہماری ٹیم میں **پنجابی، پہاڑی، ہندی، اردو، بنگلہ اور انگریزی** بولنے والا سٹاف موجود ہے۔

سپورٹنگ پیپل کیا ہے؟

سپورٹنگ پیپل گورنمنٹ کی طرف سے ایک سے نیا آغاز ہے، جس کا مقصد لوگوں کی رہائشی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد دیتے ہوئے انہیں کمیونٹی میں خودمختار زندگی بسر کے قابل بنانا ہے۔ یہ کمزور لوگوں کو مثبت سروسز فراہم کرتے ہوئے انہیں اپنی زندگیوں کا معیار بہتر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، اس طرح وہ اپنی زندگیوں کے بارے میں خودمختارانہ فیصلے کرنے کے قابل بنتے ہیں۔

ایشین ویمنز پراجیکٹ

ٹیلیفون: 01706 647 693

فیکس: 01706 649 868

ای میل: admin@peoplefirsthousing.co.uk

اس کے علاوہ پیپل فرسٹ ٹیمسائیڈ، مانچسٹر اور چیشائر میں بھی مدد فراہم کرتے ہیں۔ اس کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے براہ مہربانی ہمارے ہیڈ آفس سے 0161 226 1917 پر رابطہ قائم کریں۔

پیپل فرسٹ ہاؤسنگ ایسوسی ایشن انڈسٹریل اور پراویڈنٹ سوسائٹیز کے دفعہ 1965 کے تحت درج شدہ ہے۔ رجسٹریشن نمبر 27746R۔ یہ خیراتی ادارہ ہے۔

پیپل فرسٹ

پیپل فرسٹ مقامی اور کمیونٹی کی طرف سے
چلائی جانے والی ہاؤسنگ ایسوسی ایشن ہے

ایشین ویمنز پراجیکٹ
راچڈیل

پیپل فرسٹ مقامی اور کمیونٹی کی طرف سے چلائی جانے والی ہاؤسنگ ایسوسی ایشن ہے، اس تنظیم کی نوعیت نے ضروریات کے مطابق اور ثقافتی طور پر موزوں مدد فراہم کرنے سے متعلقہ بہت سارے سوالات کا جواب دیتے ہوئے ایک منفرد مقام حاصل کر لیا ہے ۔

پیپل فرسٹ کا مقصد اپنی تمام سروسز تک برابر رسائی کو فروغ دینا ہے

ہم کون ہیں؟

ایشین ویمنز پراجیکٹ راچڈیل میں واقع ہے اور یہ ذہنی صحت کی ضروریات والی جنوبی ایشیائی خواتین کو مدد فراہم کرتا ہے۔
اس پراجیکٹ کو پیپل فرسٹ اور کمیونٹی ری اسٹارٹ ٹیم مل کر چلاتے ہیں۔

ہم کس قسم کی مدد پیش کرتے ہیں؟

ہم مختلف قسم اور سطح کی مدد پیش کرتے ہیں، اسکا انحصار خواتین کے ہونے والے جائزے اور انکے ساتھ اتفاق کی گئی ضروریات پر ہوتا ہے۔
مندرجہ ذیل کے علاوہ اس میں دیگر کام بھی شامل ہو سکتے ہیں۔

- ہاؤسنگ ایڈوائس۔ گھر کو ترتیب دینا اور چلانا، کرایہ کی ادائیگی، مکان کی حفاظت کی یقین دہانی کرنا، مکان کی مرمت اور بہتریوں کے بارے میں مدد اور مشورہ دینا۔
- قابل بنانا۔ گھریلو زندگی کے ہنروں، سماجی ہنروں کو بہتر کرنے اور اپنے رویے پر قابو رکھنے کے بارے میں سروس استعمال کرنے والوں کو مشورہ دینا۔ اس کے علاوہ ہم سروس استعمال کرنے والوں کو جذباتی مدد بھی پیش کرتے ہیں۔ مقامی کمیونٹی سروسز مثلاً کونسلنگ، دوستی، تعلیم وغیرہ تک رسائی اور مشورہ بھی دیتے ہیں۔
- رابطہ۔ دیگر سروس فراہم کرنے والوں مثلاً کمیونٹی مینٹل ہیلتھ ٹیمیں، جی پی اور ویلفیئر ایڈوائزرز کے ساتھ رابطہ رکھنا۔
- صحت کے مسائل۔ صحت اور تندرستی کا جائزہ لینا، سروس استعمال کرنے والوں کے ساتھ میڈیکل اپائنٹمنٹ پر جانا، غذائی کی منصوبہ بندی کرنا، ورزش اور تیراکی کی کلاسوں تک رسائی حاصل کروانا۔
- آمدنی اور خرچ۔ قرض اور مالی حالات سے نبٹنے اور بینیفٹس کلیم کرنے میں مدد کرنا۔
- ثقافتی مسائل۔ ثقافتی خصوصی قانونی سروسز، کمیونٹی ذرائع اور صحت اور علاج کی سروسز کے بارے میں معلومات فراہم کرنا۔

یہ مدد کس کو مل سکتی ہے؟

یہ سروس ذہنی صحت کے مسائل سے دوچار ہر عمر کی اکیلی یا بچوں والی جنوبی ایشیائی خواتین کیلئے قائم کی گئی ہے۔ عام طور پر سروس استعمال کرنے والی کے اپنے گھر میں یہ سروس فراہم کی جاتی ہے۔

یہ مدد کتنے عرصے کیلئے دی جاتی ہے؟

اس کا انحصار سروس استعمال کرنے والوں کی ضروریات پر ہے اور یہ دو سال کے عرصہ کیلئے دی جا سکتی ہے۔ مدد بند کرنے سے پہلے منصوبہ طے کیا جاتا ہے اور اس کے متعلق سروس استعمال کرنے والی کے ساتھ بات چیت کی جاتی ہے۔

آپ کے متعلق کس کو بتایا جاتا ہے

سروس استعمال کرنے والوں کے متعلق جو معلومات ہمارے پاس موجود ہوتی ہیں یا جن کے بارے میں ہمیں پتہ چلتا ہے وہ آپ کی رضامندی کے بغیر کسی دوسرے فرد کو نہیں بتائی جاتی ہیں ماسوائے خصوصی حالات میں یعنی جب ہمیں یہ تشویش ہو کہ وہ خود کو یا کسی اور کو نقصان پہنچا سکتی ہے یا قانونی تقاضا پورا کرنے کیلئے ضروری ہو۔

کمیونٹی سپورٹ کا کیا مقصد ہے؟

پیپل فرسٹ کمیونٹی سپورٹ سروسز حساس ثقافتی سپورٹ سروسز ان لوگوں کو فراہم کرتے ہیں جن کا جائزہ لیا گیا ہے کہ انہیں اپنا گھر قائم رکھنے کیلئے ہاؤسنگ سپورٹ (گھر میں مدد) کی ضرورت ہے۔ ایسا کرتے ہوئے ہمارا مقصد کرایہ داری کے قابل قائم معاہدے تیار کرنا، کمیونٹی حفاظت، صحت میں بہتری اور انفرادی معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے۔

سپورٹ (مدد) کے اخراجات کیسے پورے کئے جاتے ہیں؟

سپورٹنگ پیپل راچڈیل میٹروپولیٹن بارا کونسل پیپل فرسٹ کو سروس فراہم کرنے کا خرچ ادا کرتی ہے۔ اس سروس کیلئے سروس استعمال کرنے والے کو کوئی خرچ ادا نہیں کرنا پڑتا۔

سروس تک رسائی کیسے حاصل کی جاسکتی ہے؟

سروس استعمال کرنے والے کی طرف سے ایجنسیاں حوالہ دے سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ آپ خود بھی رجوع کر سکتے ہیں۔ اہلیت کے معیار پر اترنے والے افراد کو ہم خود بخود شامل نہیں کر لیتے کیونکہ ہمیں خطرات سے نبٹنے پر بھی غور کرنے کی ضرورت ہے۔ کتابچے کی پشت پر لکھے دفتر کے ٹیلیفون نمبر پر رابطہ قائم کرتے ہوئے ریفریل فارم حاصل کئے جاسکتے ہیں۔